© rasailojaraid.com


لکھی گئی ہیں لیکن خلفاء راشدین کی بیویوں اور بیٹیوں پر ضمناً بہت کم اور مستقلاً بالکل نہیں لکھا گیا۔ اس لحاظ سے یہ پہلا اچھوتا اور نیا کام ہے۔

## ۲۔ آپ ﷺ کی گفتگو وخطاب کا طریقہ سیرت طیبہ کی روشنی میں

اس کتاب کے مصنف پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی صاحب اپنی کتاب میں "تصنیف کا مقصد" بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں "اسلام دنیا کا واحد مذہب ہے جس نے خطاب کو دین کا حصہ بنایا اور جمعہ وعیدین وغیرہ میں اس کی سماعت لازمی قرار دی گئی۔ اس تصنیف کے بنیادی مقاصد میں سے ایک یہ ہے کہ خطابت کے حوالے سے لوگوں کی رہنمائی کی جائے۔ خطابت میں بنیادی تبدیلیاں لائی جائیں جو اسلامی تعلیمات اور سیرت طیبہ سے ہم آہنگ ہوں۔ خطیبوں کے رویوں میں شائستگی اور معنویت پیدا کی جائے تاکہ منافقانہ لفاظی سے پرہیز کریں۔ قوم کی ذہن سازی کے لئے ہمیں حقیقی خطیبوں کی ضرورت ہے جو صرف گفتار کے نہیں بلکہ قول وعمل کے غازی ہوں۔ ایسے افراد کی تیاری اور رہنمائی کے لئے یہ کتاب تیار کی گئی"۔ مساجد کے خطیبوں کے ساتھ سیاستدانوں اور ڈبیٹ میں حصہ لینے والے طلباء و طالبات کے لئے بھی یہ ایک مفید رہنما کتاب ہے۔ 320 صفحات کی اس کتاب کی قیمت درج نہیں ہے۔

**مجلّہ: ششماہی علوم اسلامیہ انٹرنیشنل عربی زبان وادب نمبر (شمارہ ۶) تبصرہ فرائیڈے اسپیشل ۲۰ جون ۲۰۰۸ء تبصرہ نگار ملک نواز احمد اعوان**

یہ ڈاکٹر صلاح الدین ثانی صاحب کی ہمت ہے کہ تنہا اہم موضوعات پر یہ چار لسانی (اردو، سندھی، عربی، انگریزی) مجلّہ باقاعدگی سے شائع کرتے رہتے ہیں۔ شمارہ نمبر ۶ اسلامی و عربی زبان وادب نمبر ہے۔ اس میں اسلام میں ادب اور اس کا کردار، عربوں کی نسلی تقسیم، عربی زبان کی تاریخ وسعت اور امتیازات، جدیدیت کا رجحان فن خطابت، شعر وشاعری، فن نعت گوئی، پاکستان میں عربی ادب کا فروغ، محمد طاہر پٹنی، متنبی سائنس اور مذہب کا کردار، صحافت و ذرائع

© rasailojaraid.com